سندھ ایکٹ نمبر VI مجریہ ۱۹۹٦

SINDH ACT NO.VI OF 1996

پیپلز میڈیکل کالیج اینڈ ہاسپیٹل نوابشاہ (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۵

THE PEOPLE'S MEDICAL COLLEGE AND HOSPITAL NAWABSHAH (AMENDMENT) ACT, 1995

(CONTENTS) فہرست

(Preamble) تمہید

(Sections) دفعات

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۹۵ کے ایکٹ کی دفعہ ۱۱ کی ترمیم

Amendment of section 11 Act of 1995

۳۔ ۱۹۹۵ کے ایکٹ کی دفعہ ۱۸ کی ترمیم

Amendment of section 18 Act of 1995

سندھ ایکٹ نمبر VI مجریہ ۱۹۹۶

SINDH ACT NO.VI OF 1996

پیپلز میڈیکل کالیج اینڈ ہاسپیٹل نوابشاہ (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۵

THE PEOPLE'S MEDICAL COLLEGE AND HOSPITAL NAWABSHAH (AMENDMENT) ACT, 1995

[۲۶ فروری ۱۹۹۶]

ایکٹ جس کی توسط سے پیپلز میڈیکل کالیج اینڈ ہاسپیٹل نوابشاہ ایکٹ، ۱۹۹۵ میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ پیپلز میڈیکل کالیج اینڈ ہاسپیٹل نوابشاہ ایکٹ، ۱۹۹۵ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو پیپلز میڈیکل کالیج اینڈ ہاسپیٹل نوابشاہ (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۵ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۲۔ پیپلز میڈیکل کالیج اینڈ ہاسپیٹل نوابشاہ ایکٹ، ۱۹۹۵میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۱۰ کی ذیلی دفعہ (۲) میں، شق (h) کے بعد، مندرجہ ذیل طریقے سے اضافہ کیا جائے گا:

۱۹۹۵ کے ایکٹ کی دفعہ ۱۱ کی ترمیم
Amendment of

"(hh) حکومت کی طرف سے اس کے اپنے میڈیکل کالیجز کے لیئے بنائی گئی داخلا پالیسی پر عمل کرے گا۔"

۳۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۱۱ کی ذیلی دفعہ (۲) میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو سیمی کولن سے تبدل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا: "بشرطیکہ جب تک کل وقتی چیف ایگزیکٹو ڈائریکٹر مقرر نہیں کیا جاتا، حکومت اپنے طریقے اور شرائط پر کسی شخص کو چیف ایگزیکٹو کے طور پر مقرر کرے گی۔"	section 11 Act of 1995
۴۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۱۸ کے لیئے شرطیہ بیان کے علاوہ مندرجہ ذیل طریقے سے تبدیلی کی جائے گی اور ہمیشہ ایسے ہی تبدیل کیا گیا سمجھا جائے گا: "۱۸ (۱) موجود میڈیکل کالیج اور ہسپتال میں کسی بھی حیثیت میں خدمات سرانجام دینے والے لوگ اس ایکٹ کے فوری طور پر عمل میں آنے کے بعد میڈیکل کالیج میں خدمات سرانجام دیں گے؛ (۲)ذیلی دفعہ (۱) کے تحت طریقہ گنجائش نکالی جائے گی اور پیپلز میڈیکل کالیج (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۵ کی شروعات سے تیس دن کے اندر حکومت کو مطلع کیا جائے گا۔ (۳)ذیلی دفعہ (۲) کے تحت موصول شدہ آگاہی ملنے پر، حکومت ایسی شرائط اور ضوابط کے تحت جیسے حکومت طے کرے۔". مذکورہ افراد کا میڈیکل کالیج میں خدمات کے لیئے تبادلہ کرے گی۔	۱۹۹۵ کے ایکٹ کی دفعہ ۱۸ کی ترمیم Amendment of section 18 Act of 1995

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔